حروف تہجی اور عناصر (مزاج)

علمِ عملیات میں حروفِ تہجی جو کہ 28 حروف ہیں، اِن کو چار عَناصر میں تقسیم کیا گیا ہیں، اِن حروف کی خاصیت اور مزاج اپنے عُنصر (مزاج) کے لحاظ سے ہیں، اگر غور کیا جائے تو اِن حروف کے زیرِ اَثرات لوگ اِنہی خاصیت کے ہوتے ہیں۔

چار عناصر یہ ہیں۔

آتشی	بادی	آبی	خاکی

حروف تہجی کی تقسیم عناصر (مزاج) کے اعتبار سے

عنصر	خاصیت	حروف						
آتشی	آگ	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
بَادی	ہوا	ب	و	ی	ن	ض	ت	ص
آبی	پانی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی	مٹی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

نام رکھنے وقت، شادی کے لئے رشتہ کرتے وقت اِن حروف کے عنصر (مزاج) کا خیال رکھنا چاہیے اگر حروف آپس میں ہم آہنگی اور مطابقت نہیں رکھتے تو اُس جگہ بھی بہت ساری پیچیدگیاں آجاتی ہیں اور انسان کی زندگی میں بڑے بڑے تغیرات رونما ہوتے ہیں، اس لئے ضروری ہے کہ حروف میں ایک

دوسرے کے تعلقات اور خاصیت کا خیال رکھا جائے، حروف چونکہ چار عنصر (مزاج) پر مشتمل ہیں اوراِن کے اَثرات بھی الگ الگ ہیں،اِس لئے نام رکھتے وقت مُخالف عنصر (مزاج)کا ضرور خیال رکھناچاہیے۔

حروف عنصر (مزاج) کے تعلقات

آتشی	آتشی	دوست	آتشی	خاکی	دوست
بادی	بادی	دوست	خاکی	خاکی	دوست
آبی	آبی	دوست	آتشی	بادی	درمیانی دوستی
آتشی	آبی	مُخالِف	بادی	خاکی	مُخالِف
بادی	آبی	مُخالِف	خاکی	آبی	

عنصر (مزاج) کی خاصیتیں

آتشی۔ گرم مزاج، آپے سے جلد باہر ہو جانا، ضِد، زَبردَستی، جنگ وجِدل سے بھرپور، اپنی بات پر اڑے رہنا۔

خاکی۔ سخت گیر، مزاج میں ٹھہراؤ، اپنے آپ میں گم رہنا، غصہ اور ضد پر قابو پالینا، مستقل مِزاجی، سخت سے سخت کام میں لگے رہنا، محنت اور بُردباری سے کسی مِشن کو پائیہ تکمیل تک پہچانا، کسی کے کام سے مطمئن نہ ہونا، اپنے ہاتھ سے کام کرکے خوش ہونا، ذَرعی اور زَمینی کام میں زیادہ دلچسپی، اپنے فیصلے میں کسی

کی مُداخلت بَرداشت نہ کرنا، دوسروں کے زیادہ کام آنا، کسی کام کے تہہ تک پہنچنے کا جذبہ، ذہنی انتشار میں مبتلا رہنا۔

بادی۔ مزاج میں ٹھہراؤ نہیں، سیر و تفریح میں لگے رہنا، بے موقع محل گھومتے اور پھرتے رہنا، ہر چیز میں تبدیلی محسوس کرنا، بُرے کام میں پڑنا، تنقید بَرداشت نہ کرنا، کبھی ایک جگہ مستقل بَراجمان نہ ہونا، ہوائی سفر کو زیادہ پسند کرنا، پَرندوں میں زیادہ دلچسپی لینا، کسی کے ہاتھ یہ آنا، اُتار چَڑھاؤ سے دوچار ہونا۔

آبی۔ سرد مزاج، خوش اخلاق، نرم رویہ، کبھی تولہ کبھی ماشہ رہنا، دوسروں کو ہم خیال رکھنا، اپنے خیال میں مگن رہنا، دوسرے کی ذات سے دور رہنا، اپنے مخالف سے سخت نفرت کرنا، مزاج کے خلاف باتوں سے فورًا ابھر جانا، سخت محنت ومشقت سے دور بھاگنا، دل کا سخی ہونا، دوسرں پر روپیہ خرچ کرنا، مشکلات سے دور نہ بھاگنا اور آہستہ آہستہ آگے بڑھنا۔ ٹھنڈ اور سردی سے دور رہنا سود مند ہوتا ہے۔

اِن بُنیَادی مَعلومات کے بعد اب ہم عملیات میں عنصر (مزاج) کا اِستعمال کیسے کیا جاتا ہے، کو جانے گے، اِن معلومات کو ہم تین حصوں میں تقسیم کریں گے۔

پہلا قاعداہ غلبہ حروف کے اعتبار سے

دوسرا قاعداہ عداد سے عنصر معلوم کرنا

تیسرا قاعداہ حروف کے زریعے عنصر معلوم کرنا

یہ بات بھی یادرکھیں کہ اصولی طور پر عنصر (مزاج) دیکھنے کے لیے صِرف نَام کے اَعداد لئے جاتے ہیں اور حروف کا غلبہ دیکھنے کے لئے پورا نام جس میں ذات کی پہچان والے حروف بھی ہوں لئے جاتے ہیں۔ ذات سے مراد، سید، صدیقی، انصاری، بیگ، مرزا، قریشی، خان وغیر۔

پہلا قاعدہ -1

غلبہ حروف کے اعتبار سے عنصر (مزاج) کا انتخاب

مثال کے طور پر شکیل انصاری ہمزاد کا عمل کرنا چاہتا ہیں۔

نام	شکیل انصاری				
آتشی	ش	ا	ا	ا	4
بادی	ی	ن	ص	ی	4
آبی	ک	-	-	-	1
خاکی	ل	ر	-	-	2

اِس تفصیل سے یہ معلوم ہوا کے شکیل انصاری کے نام میں آتشی اور بادی حروف کی تعداد برابر ہے، غلبہ کسی بھی حروف کا نہیں ہے، اِس لیے انہیں آتشی اور بادی دونوں طرح کے ہمزاد کا عمل رَاس آسکتا ہے۔

ہمزاد کا عمل کرنے کے لئے عامل کو تین باتوں کا جانا ضروری ہے۔ اپنے مزاج کے اعتبار سے عمل کا اِنتخاب کرنا چاہیے۔

ہمزاد کا عَمل چار قسم کے ہوتے ہے۔ آتشی، بادی، آبی، خاکی

دوسرا قاعدہ-2

اعداد سے عنصر معلوم کرنا

اگر کسی شخص کا عنصر معلوم کرنا ہو تو اُس کے نام کے اَعداد قمری کو چار سے تقسیم کر دیں، تقسیم کے بعد اگر ایک (1) باقی رہے تو مزاج آتشی، اگر دو (2) باقی رہے تو مزاج بادی ہے، اگر تین (3) باقی رہے تو مزاج آبی ہے، اگر صفر (0) باقی رہے تو مزاج خاکی ہے۔

مثلاً شکیل کا عنصر معلوم کرنا ہے تو شکیل کے اعداد قمری (360) ہیں۔

4) 360 (9
360
xx0

تقسیم سے معلوم ہوا شکیل کا عنصر خاکی ہے۔

تیسرا قاعدہ-3

حروف کے ذریعے عنصر معلوم کرنا

اِس قاعداہ میں ہم نام کے پہلے حروف کو مرکزی بناتیں ہے، مثلاً شکیل میں پہلا حروف ش ہے، جو عنصر آتشی ہے، اِس لیے اِنہیں آتشی عمل کو ترجیح دینی چاہئے۔

اِن تینوں صورتوں میں اَفضل ترین طریقہ غلبہ حروف (یعنی پہلا قاعداہ) کا ہے۔

عامل کو چاہیئے کہ عمل کرنے کے لئے ان تاریخ کو ترجیح دیں، جو کے نام کے کل اعداد قمری کا مفرد عدد ہو مثلاً شکیل کے نام کا مفرد عدد 9 ہے تو شکیل کے لئے وہ تاریخ جن کا مفرد عدد 9 ہو مبارک ثابت ہو گی۔